25/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ تجمل قادری سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائنز

*.......لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے فوج کے سربراہ اور دیگر افسروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران موجودہ سلامتی صورتحال کا لیا جائزہ ۔

*.......جموں کشمیر حکومت ملک کی مختلف ریاستوں میں موجود جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے طلباءاور تاجروں کی سلامتی کو یقینی بنانے کی وعدہ بند // وزیر اعلیٰ عمرعبداللہ۔

*....... پہلگام میں حالیہ دہشت گردانہ حملوں کی مذمت کا سلسلہ جاری ۔

اور

*....... لیفٹنٹ گورنر نے 28 اپریل کو صبح ساڑھے دس بجے جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا اجلاس کیا طلب ۔

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج راج بھون سرینگر میں فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویدی اور فوج کے دیگر افسروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران پہلگام دہشت گردانہ حملے کے بعد پیدا شدہ سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ ایل جی نے فوجی سربراہ پر زور دیا کہ اس دہشت گردانہ حملے میں ملوث قصورواروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے موثر اقدامات کرنے کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے اور نظام کو ختم کرنے کے لئے کوششوں میں تیزی لائیں ۔ایل جی نے کہا کہ قوم کو فوج ، پولیس اور نیم فوجی دستوں کی بہادری پر پورا اعتماد ہے اور انہیں قصورواروناور ان کے اعانت کاروں کی نشاندہی کرکے ان کو سزا دلانے کے لئے باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنا چاہئے ۔ منوج سنہا نے کہا کہ معصوم شہریوں کی ہلاکت میں ملوث قصورواروں کو اس بہیمانہ اور انسانیت سوز کاروائی کی سزا دلائی جانی چاہئے ۔ میٹنگ میں شمالی کمان کے GoC لیفٹنٹ جنرل ایم وی سُچندر کمار ، ڈپٹی چیف آف آرمی سٹاف لیفٹنٹ جنرل پرتیک شرما اور 15 ویں کور کے GoC لیفٹنٹ جنرل پرشانت سریواستو بھی موجود تھے ۔

## وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ حکومت جموں کشمیر سے تعلق رکھنے والے ہر ایک طلباءکے حقوق کی پاسداری کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ ان کے لئے ایک محفوظ ماحول قائم کرنے کے لئے پُر عزم ہے ۔ سرکار کی طرف سے جاری ایک پریس بیان میں کہا گیا ہے کہ وزیر اعلیٰ نے تمام ریاستوں اور یوٹیز کی حکومتوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کشمیری طلباءاور شہریوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لئے آگے آئیں ۔

انہوں نے کہا کہ حکومت نے اس حوالے سے تمام تعلیمی اداروں اور ریاستوں کی انتظامیہ پر زور دیا ہے کہ وہ مذہبی رواداری کو زک پہنچانے والے افراد یا گروپوں کے خلاف کاروائی کریں ۔ دریں اثناءوزیر اعلیٰ کے رابطہ دفتر میں ان طلباءکے لئے ٹول فری نمبر **1800-8900-166** قائم کیا گیا ہے ۔

## وزراءدورہ

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ انہوں نے مختلف ریاستوں میں موجود کشمیری طلباءاور تاجروں میں سلامتی کا احساس پیدا کرنے کے لئے کابینی وزراءکو کئی شہروں کے لئے روانہ کیا ہے ۔ ان دوروں کا مقصد متعلقہ ریاستی حکومتوں کے ساتھ مل کر کوششوں کو تقویت بخشنا ہے تاکہ وہاں جموں کشمیر کے لوگوں کی سلامتی کو یقینی بنایا جا سکے ۔

میڈیا کے ساتھ بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا۔

## وزیر اعلیٰ میٹنگ

سرینگر میں مختلف تاجر نمائندوں کے ساتھ میٹنگ SKICC وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج منعقد کی۔ میٹنگ سے پہلے پہلگام دہشت گردانہ حملے میں جان بحق ہوئے افراد کو خراج عقیدت ادا کرنے کےلئے دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔

## چودھری

نائب وزیر اعلیٰ سرندر چودھری نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کے لوگوں نے پہلگام ہلاکتوں کے خلاف بھر پور مظاہرہ کر کے یہ بات واضح کر دی ہے کہ وہ دہشت گردی کے ساتھ نہیں ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اس طرح کے واقعات سے سیاحوں کی جموں کشمیر آمد کو نہیں روکا جا سکتا ہے ۔ انہوننے کہا کہ سیاح جموں کشمیر سے پیار کرتے ہیں اور وہ لگاتار یہاں آتے رہیں گے ۔ انہوں نے کہا ۔

## راہل

لوک سبھا میں حزب اختلاف کے لیڈر اور سینئر کانگریس لیڈرراہل گاندھی نے کہا ہے کہ انکی پارٹی پہلگام دہشت گردانہ حملوں کے بعد مرکزی سرکار کی طرف سے پاکستان کے خلاف کئے جا رہے اقدامات کا بھر پور تعاون کرے گی۔ انہوں نے آج سرینگر کے دورے کے دوران پہلگام حملے میں ہوئے زخمیوں کی عیادت کی۔

راہل گاندھی نے ملک کے لوگوں پر زور دیا کہ وہ یوٹی سے باہر کے کشمیری طلباءاور شہریوں کی حفاظت کریں۔ میڈیا سے بات کر تے ہوئے انہوں نے کہا۔

آزاد

پارٹی کے سربراہ غلام نبی آزاد نے **Progressive Azad** سابق وزیر اعلیٰ اور ڈیموکریٹک پہلگام میں معصوم شہریوں کی بہیمانہ ہلاکت پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں پوری قوم سوگواروں کے ساتھ کھڑی ہے ۔

ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

**CPIM**

بیورو نے کہا ہے کہ پورے ملک نے اس بات کا مشاہدہ کیا کہ کشمیریوں **Polit** کے **CPIM** نے کس طرح یک آواز ہو کر پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کے خلاف اپنا احتجاج درج کرایا ۔

بیورو نے مزید کہا کہ کچھ ریاستوں میں کشمیری طلباءاور تاجروں کو دھمکانے اور انہیں حراساں کرنے کی اطلاعات موصول ہو رہی ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ان علاقوں کے حکام کو اس طرح کی کاروائیوں پر روک لگانے کے لئے موثر اقدامات کرنے چاہئے ۔

بی جے پی

پہلگام دہشت گردانہ حملے میں ما رے گئے سیاحوں کو خراج عقیدت ادا کرنے کےلئے آج بی جے پی ہیڈ کواٹر جموں میں ایک شردھان جلی سبھا کا انعقاد کیا گیا۔ جس دوران پارٹی کے صدر ست شرما ، جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور کئی دیگر لیڈروں نے شرکت کی۔ اس موقعے پر پہلگام حملے کی زبردست مذمت کی گئی۔

کھٹانہ

سینئر بی جے پی لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر انجینئر غلام نبی کھٹانہ نے پہلگام حملے کے دوران سید عادل حسین شاہ اور دیگر عام شہریوں کی طرف سے سیاحوں کے بچانے میں دکھائی گئی بہادری کی تعریف کی ہے۔ انہوں نے آج سید عادل حسین شاہ کے لواحقین کے ساتھ ملاقات کی اور انکے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔

## ہمدانیہ

جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولانا ریاض احمد ہمدانی نے پہلگام سانحہ کی مذمت کر تے ہوئے کہا کہ یہ واقع کشمیریوں کو بدنام کرنے کی ایک سازش ہے۔

## سیاح تاثرات

پہلگام میں ہوئے دہشت گردانہ حملے کی یہاں موجود سیاحوں نے بھی مذمت کی ہے تاہم ان سیاحوں نے کشمیر کی مہمان نوازی اور انسان دوستی کے جذبے کی تعریف کی ہے۔

یہ سیاح بلا کسی خوف و خطر کے سیاحتی مقامات کی سیر کر رہے ہیں۔ کئی ایک سیاحوں نے اپنے تاثرات کا یوں اظہار کیا۔

## بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

## اجلاس

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں میں جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کا ایک اجلاس 28 اپریل کو صبح ساڈھے دس بجے طلب کیا ہے ۔ اس حوالے سے سیکریٹڑی قانون ساز اسمبلی کی طرف سے ایک حکم نامہ جاری کیا گیا ہے ۔

## دورہ

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دِویدی نے آج پہلگام کا دورہ کر کے وہاں حالیہ دہشت گردانہ حملے کے بعد زمینی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ اس سے پہلے فوجی سربراہ کو سرینگر میں چنار کور کے جنرل آفیسر کمانڈنگ نے مجموعی سلامتی صورتحال اور دہشت گردی کا قلع قمع کرنے نیز لائن آف کنٹرول پر پاکستان کی طرف سے جنگ بندی کی خلاف ورزی سے نمٹنے کے لئے کئے جا رہے اقدامات کے بارے میں جانکاری دی ۔

## جنگ بندی

پاکستانی فوج نے کپواڑہ ضلع میں لائن آف کنٹرول پر نو گام علاقے میں کئی مقامات پر جنگ بندی کی خلاف ورزی کی ۔ سرحد پار سے کل رات راجوری اور پونچھ ضلعوں میں بھی کئی

مقامات پر فائرنگ کر کے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ۔ بھارتی فوج نے موثر طریقے پر اس فائرنگ کا جواب دیا ۔

کی طرف سے تلاشی CRPF دریں اثناءپہلگام کے بائیسرن علاقے میں فوج ، پولیس اور کاروائی آج چوتھے روز بھی جاری رہی اور کئی شک آور افراد کو پوچھ تاچھ کے لئے حراست میں لیا گیا ہے ۔

تصادم

بانڈی پورہ ضلع کے اجس گاوں کے بازی پورہ کُلناڈ علاقے میں حفاظتی عملے اور ملی ٹنٹوں کے درمیان ہوئے تصادم میں LeT سے وابستہ ایک ملی ٹنٹ اعانت کار مارا گیا ہے ۔

یہ تصادم آج صبح اس وقت شروع ہوا جب حفاظتی عملے نے علاقے میں ملی ٹنٹوں کی موجودگی کے بارے میں اطلاع ملنے کے بعد تلاشی کاروائی شروع کی ۔ اس دوران وہاں موجود ملی ٹنٹوں نے گولیاں چلائیں ۔

ملیریا ڈے

آج ملیریا کا عالمی دن ہے۔ آج کے دن ملیریا بیماری کا قلع قمع کرنے سے متعلق احتیاطی تدابیر سے متعلق بیداری کی جا تی ہے۔ اس دن کی اہمیت کے بارے میں جب ہم نے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں شعبہ میڈسن کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عاشق حسین پرے کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے درکار اقدامات کے ضمن میں آج جب ہم نے وادی کی ایک اداکارہ جوزیہ میر سے بات کی، تو انہوں نے کہا ۔

جتیندر سنگھ

وزیر اعظم نریندر مودی نے معروف سائنس دان اور بھارتی خلائی پروگرام کے ایک اہم رکن ڈاکٹر کے کستوری رنگن کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے ۔ وزیر اعظم نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ آنجہانی نے اپنی محنت اور لگن سے بھارت کے خلائی پروگرام کو نئی بلندیوں تک پہنچایا ۔

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے بھی ڈاکٹر کے کستوری رنگن کے انتقال پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے اسرو اور سائنس کے شعبے میں آنجہانی کے رول کو اجا گر کیا ہے ۔

اِسروLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سابق اِسرو چیرمین ڈاکٹر کے کستوری رنگن کے انتقال پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی پیغام میں ایل جی نے کہا کہ آنجہانی نے خلائی پروگرام کی بنیاد رکھنے کے ساتھ ساتھ قومی تعلیمی پالیسی مرتب کرنے میں بھی اہمت رول ادا کیا۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے آج پیر باغ سرینگر جا کر وہاں مرحوم غلام نبی شاہین کے لواحقین کے ساتھ تعزیت پُرسی کی اور ڈھارس بندھائی۔

کشمیر یونیورسٹی

ڈے Earth سائنسز کے اہتمام سے منعقدہ دو روزہ Earth کشمیر یونیورسٹی میں وزارت تقریبات آج اختتام پذیر ہوئیں ۔ ان تقریبات کے دوران ماحولیات سے متعلق بیداری پیدا کرنے کے لئے کئی اختراعی پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ۔

آج بہترین کار کردگی دکھانے والے طلباءمیں انعامات اور اسناد تقسیم کئے گئے ۔

اس موقعہ پر ڈین سٹوڈنٹس ویلفئیر پروفیسر پرویز احمد نے کہا کہ ہمیں ایک ذمہ دارانہ رول ادا کر کے ماحولیاتی توازن کو ہر صورت میں بر قرار رکھنا چاہئے ۔

جاوید رانا

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران کشمیر صوبے میں عملائی جا رہی مختلف واٹر سپلائی سکیموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ جل جیون مشن کے تحت التواءمیں پڑے تمام پروجیکٹوں کو معیاد بند مدت کے اندر مکمل کرنے کے لئے کوششیں تیز کریں تاکہ ہر ایک کنبے تک پینے کا صاف پانی پہنچایا جا سکے ۔

عرس

آج حضرت خواجہ زین الدین علی دار ؒ ولی کا سالانہ عرس زیندار صاحب حبہ کدل میں منایا گیا ۔ اس موقعے پر وہانختمات المعظمات اور درودو ازکار کی مجلس آراستہ ہوئیں

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 23اعشاریہ7ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7اعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39اعشاریہ2 ڈگریجبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت25اعشاریہ8ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر47 منٹ اور

غروب آفتاب شام7بجکر11منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ

..............................................

............................

..............

.......